## سوال

میں اس لڑکی سے شادی کر سکتا ہو، جسکی ماں نے میرے چھوٹے بھائی کو دودھ دیا ہے،

## جواب

اس لڑکی سے شادی، جس کی ماں نے میرے بھائی کو دودھ پلایا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا میں اس لڑکی سے شادی کر سکتا ہوں، جسکی ماں نے میرے چھوٹے بھائی کو دودھ پلایا ہو؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جی ہاں آپ اس سے شادی کر سکتے ہیں، کیونکہ دودھ آپ نے نہیں پیا، آپ کے چھوٹے بھائی نے پیا ہے۔ اب آپ کا چھوٹا بھائی جس نے دودھ پیا ہے، وہ اس کا رضاعی بیٹا بن گیا ہے، وہ اس عورت کی کسی بھی لڑکی سے شادی نہیں کر سکتا ہے، کیونکہ وہ سب اس کی رضاعی بہنیں ہیں۔ تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر (9939)

http://urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/9939/0/ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث